سوال

(132)گاہکوں کو بھگتا لو پھر نماز پڑھ لینا!

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مجھے نماز پنجگانہ کی توفیق ملی ہوئی ہے، البتہ عموماً مجھے ایک مشکل پش آتی ہے، وہ یہ کہ میں والد صاحب کے ساتھ دکانداری کرتا ہوں۔جماعت کے اوقات میں اگر گاہکوں کا رَش ہو تو ابا جان مجھے روک لیتے ہیں کہ ٹھہرو گاہکوں کو فارغ کر لیں پھر نماز پڑھیں گے۔اتنے میں جماعت نکل جاتی ہے۔ راہنمائی کریں کہ مجھے کیا کرنا چاہئے؟ کیا اس صورت میں والد صاحب کی بات ماننا ضروری ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ والد محترم کو احسن انداز سے قائل کرنے کی کوشش کریں۔ ان کے لیے اللہ سے دعا کریں۔ اگر وہ اپنے طرزِ عمل پر برقرار رہتے ہیں تو ان کی بات نہ ماننے میں آپ پر کوئی گناہ نہیں بلکہ آپ ان کی ایسی بات نہ مانیں کہ جس سے اللہ کی نافرمانی ہوتی ہو۔ اس سلسلے میں درج ذیل اصول، جو حدیث نبوی میں بیان ہوا ہے، ذہن میں رکھیں:

(لَا طَاعَةَ لِأَحَدٍ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى) (مسند احمد 66/5)

''اللہ تبارک وتعالیٰ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت نہیں۔''

ایک روایت میں ہے:

(لاطاعة لمخلوق فی معصیة اللّٰه) (ایضا)

''اللہ کی نافرمانی میں مخلوق کی اطاعت نہیں کی جاتی۔''

اس اصول کو سمجھنے کے لیے درج ذیل آیات کو بھی مدنظر رکھیں:

1۔ وَإِن جـٰهَداكَ لِتُشرِكَ بى ما لَيسَ لَكَ بِهِ عِلمٌ فَلا تُطِعهُما ... ٨ ... سورة العنكبوت

''اوراگروہ دونوں (والدین) یہ کوشش کریں کہ تَو میرے ساتھ اسے شرک کرے جس کا تجھے علم نہیں توان کی اطاعت نہ کرنا۔''

2۔ وَاِن جٰہدٰک عَلٰٓی اَن تُشرِکَ بِی مَالَیسَ لَکَ بِہٖ عِلمٌ فَلَا تُطِعھُمَا... ۱۵ ... سورۃ لقمان

''اوراگروہ دونوں تجھ پراس بات کا دباؤڈالیں کہ تُو میرے ساتھ شرک کرے جس کا تجھے علم نہ ہو تو تُواُن کا کہنا نہ ماننا۔''

ھذاما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ افکارِ اسلامی

اذان و نماز، صفحہ: 356

محدث فتویٰ